سوال

(06) نبی اور رسول میں فرق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اور نبی میں کوئی فرق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، ان میں فرق ہے۔ اہلِ علم بیان کرتے ہیں کہ نبی وہ ہوتا ہے جسے اللہ نے شریعت کی وحی کی ہو مگر تبلیغ کا حکم نہ دیا ہو، بلکہ وہ ذاتی طور پر اس پر عمل پیرا ہوتا ہے اور تبلیغ کا مکلف نہیں ہوتا۔ اور رسول وہ ہوتا ہے جسے اللہ نے اپنی شریعت کی وحی کی ہو اور اس پر عمل کرنے اور اس کی تبلیغ کا بھی اسے مکلف ٹھہرایا ہو۔ سو ہر رسول نبی ہوتا ہے مگر ہر نبی رسول نہیں ہوتا اور انبیاء کی تعداد رسولوں سے زیادہ رہی ہے، قرآن کریم میں چند ایک ہی کا ذکر آیا ہے اور بہت سوں کا چھوڑ دیا گیا ہے۔

وَلَقَد أَرسَلنا رُسُلًا مِن قَبلِكَ مِنهُم مَن قَصَصنا عَلَيكَ وَمِنهُم مَن لَم نَقصُص عَلَيكَ وَما كانَ لِرَسولٍ أَن يَأتِيَ بِـٔايَةٍ إِلّا بِإِذنِ اللَّهِ ‌‌ ٧٨ ... سورة المؤمن

"ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے ہیں جن میں سے کچھ کے واقعات ہم نے آپ سے بیان کیے ہیں اور کچھ کے نہیں کیے، اور کسی رسول کے لیے ممکن نہ تھا کہ اللہ کے حکم کے بغیر کوئی معجزہ لا سکے۔

اس آیت سے واضح ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں جن انبیاء کا ذکر آیا ہے وہ سب رسول بھی تھے۔ (محمد بن صالح العثیمین)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 37